اور نرسوں نے باقاعدہ اپنے شانے پر صلیب بنا کر بکس بی جان کو رخصت کیا۔ یہاں ان غریبوں سے غائبانہ جنازے پڑھائے جاتے ہیں، جن کا خون بیچ کر جن کا خون چوس کر یہ لوگ کما لیتے ہیں۔ ارے بابا! یہ اسلامی حکومتیں ہیں اور یہ مسلمان ہیں؟ اب مجھے یہ فرصت نہیں ملی کہ نواز شریف کا امریکہ میں نام کیا ہے اور اسحٰق خان کس نام سے وہاں جیتا ہے۔" (بحوالہ ہفت روزہ ندائے خلافت ۱۳ ستمبر ۱۹۹۳ء)

(سردار علی چارسدہ)

تہذیب نو کا کرشمہ مدیر محترم روزنامہ جنگ لاہور، ۱۷ جنوری ۱۹۹۴ء کا تراشہ بلا تبصرہ ارسال خدمت ہے۔

امریکی شہریوں کی نصف آبادی اپنی زندگی میں کسی نہ کسی موقع پر دماغی خلل کے عارضہ کا شکار ہو جاتی ہے، جب کہ ان کی ایک تہائی آبادی سال میں ایک بار دماغی خلفشار سے دوچار ہوتی ہے۔ مشی گن یونیورسٹی کے محققین کی ایک ٹیم نے آرکائیو آف جنرل سائیکاٹری کے "تازہ شمارہ میں اپنی رپورٹ شائع کرتے ہوئے اس بات کا انکشاف کیا۔ ریسرچ ٹیم کے سربراہ پروفیسر رونالڈ کیبلر کے مطابق گزشتہ دہائی کی ریسرچ کے مقابلے میں موجودہ ریسرچ کے نتائج انتہائی تشویش ناک ہیں۔ دماغی خلفشار میں مبتلا لوگوں کی اکثریت ڈاکٹروں کی طرف رجوع کرنے کی بجائے اپنے طور پر گھروں میں ہی علاج کرتے ہیں، جس سے ان کی بیماری دور ہونے کی بجائے زیادہ خطرناک حد تک پہنچ جاتی ہے اور پھر ان میں سے ایک تہائی مریضوں کو پاگل خانے بھجوانے کی نوبت آجاتی ہے۔ تحقیق کرنے والی ٹیم نے ۱۵ سے ۴۵ سال کی عمر کے ۸ ہزار شہریوں سے ذاتی ملاقات کی اور دو سال کے عرصے کے بعد جو رپورٹ تیار کی، اسے اب امریکی محکمہ صحت کی ایک خصوصی کمیٹی کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے تاکہ وہ امریکہ کی نصف آبادی کو پاگل پن کی بیماری سے نجات دلانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کوئی ٹھوس اقدامات کرے۔ (حافظ صفی اللہ معاویہ)

(بقیہ صـ ۱ سے)

قول فعل اور تقریر سے اس کی وضاحت ہوگی۔ دستر خوان پر کسی کو کوئی شیٔ کھاتے ہوئے دیکھا یا بازار میں خود اس کو استعمال نہیں کیا لیکن منع بھی نہیں کیا تو جائز ہے مثلاً کسی کو کوکا کولا پیتے ہوئے دیکھا، منع نہیں کیا تو یہ آپ کے سکوت کی وجہ سے جائز ہوگا۔ باب ما جاء علی ما یا کل النبی۔ یوں نہیں فرمایا کہ کونسی چیز کھائی جائے کونسی نہ کھائی جائے۔ بلکہ اول آداب کا ذکر فرمایا کہ کھانا کس طرح کھایا جائے۔
کھانے کے مختلف طریقے ہیں کسی طرح کھایا جائے بیٹھ کر کھڑے ہو کر چل پھر کر یا کرسی پر بیٹھ کر۔ تو اولاً کیفیت بیان کی۔